# 04-05-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی حکومت کل سے 28 ضلعوں کے 28 منڈلوں میں بھو بھارتی قانون پر عمل کرے گی۔

۲۔وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ایس ایل بی سی پراجکٹ مقررہ وقت میں پورا کیا جائے گا۔

۳۔مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے اس وقت تک ماؤنوازوں سے بات چیت کرنے سے انکار کردیا ہے جب تک وہ خون خرابہ ترک نہیں کرتے۔

۴۔مرکزی وزیرٹرانسپورٹ نتن گڈکری کل حیدرآباد میں کئی قومی شاہراہوں اور فلائی اوورس کا افتتاح کریں گے۔

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے ماؤنوازوں سے اس وقت تک بات چیت کے امکان کو رد کردیا ہے جب تک وہ ہتھیار نہیں چھوڑتے۔ کریم نگر میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات صاف کی ان لوگوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی جو بندوق تھامتے ہیں اور معصوم لوگوں کو ہلاک کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بائیں بازو انتہاء پسندوں نے کئی بے قصور قبائیلیوں کو پولیس مخبر قرار دیتے ہوئے ہلاک کردیا ہے۔ سنجے نے کہا کہ پاسپورٹ نہ رکھنے والے غیر ملکیوں کی پہچان کی جارہی ہے اور انہیں ملک سے باہر کیا جارہا ہے۔ سنجے نے کہا کہ مرکزی حکومت نے ذات پات کی مردم شماری کا جو فیصلہ کیا ہے وہ تاریخی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کی طرف سے کرائے جانے والے سروے اور نریندر مودی کے سروے کا کوئی مقابلہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس کی طرف سے کئے گئے سروے میں پسماندہ طبقوں کے ساتھ شدید ناانصافی ہوئی ہے۔

KK

سینئر کانگریس لیڈر اور تلنگانہ حکومت کے مشیر کے کیشو راؤ نے مرکز سے کہا ہے کہ وہ آپریشن کگار روکے اور ماؤنوازوں کے ساتھ امن بات چیت کرے۔ سابق رکن پارلیمنٹ نے مرکزی وزارتِ داخلہ کی طرف سے ماؤنوازوں کے خلاف شروع کئے گئے آپریشن پر ناراضگی کا اظہار کیا۔

BHU BHARATHI:

بھو بھارتی قانون پر عمل آوری کے تحت کل سنگاریڈی ضلع کے کونڈاپور منڈل اور جنگاؤں ضلع کے اسٹیشن گھن پور میں ویلیج ریونیو میٹنگس ہوں گی۔ جنہیں آزمائشی پراجکٹ کے علاقوں کے طور پر چنا گیا ہے۔ زمین سے متعلق مسائل حل کرنے کے لئے ان منڈلوں کے ہر گاؤں میں میٹنگس ہوں گی۔

ICAR RICE:

وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے آج نئی دہلی میں آئی سی اے آر کی طرف سے جنیاتی طور پر تبدیل شدہ چاول کی دو قسموں کا آغاز کیا، جنہیں ہندوستان نے تیار کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ ان قسموں سے پیداوار کی لاگت کم ہوگی اور ملک میں چاول کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی اے آر کو اپنی تحقیق سیدھے طور پر کسانوں تک لے جانا ہوگا۔

EC APP

الیکشن کمیشن جلد ہی فریقوں کیلئے ایک واحد نکاتی ایپ ECINET شروع کرے گا۔ الیکشن کمیشن نے ایک بیان میں کہا کہ یہ ایک ون اسٹاپ پلیٹ فارم ہوگا جو الیکشن کمیشن کے موجودہ موبائل اور ویب اپلی کیشنز کو مربوط کرے گا۔ ECINET استعمال کرنے میں بہت آسان ہے اور یہ چناؤ سے متعلق تمام سرگرمیوں کیلئے واحد پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ ECINET کے ذریعہ استعمال کار اپنے اسمارٹ فون یا ڈسک ٹاپ پر چناؤ سے متعلق ڈیٹا پر پہنچ حاصل کر سکتے ہیں۔

CS - METRO

تلنگانہ کے چیف سکریٹری کے راما کرشنا راؤ نے آج حیدرآباد کے پرانے شہر میں حیدرآباد ایر پورٹ میٹرو کے ایم ڈی این وی ایس ریڈی کے ساتھ میٹرو ریل کاریڈور کا معائنہ کیا۔ انہوں نے میٹرو ریل روٹ پر توسیع کے جاریہ کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اطمینان ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اس علاقہ میں بہترین پیشرف ہوئی ہے جسے ایک دہے سے زیادہ عرصہ سے نظرانداز کیا گیا۔ میٹرو کے ایم ڈی نے چیف سکریٹری کو ایم جی بی ایس سے چندرائن گٹہ تک 7.5 کلومیٹر میٹرو راہداری پر متاثرہ جائیدادوں کو توڑنے کے کاموں کے بارے میں بریفنگ دی۔ چیف سکریٹری نے میٹرو ایم ڈی اور دوسرے عہدیداروں کی چیالنجوں سے اثردار انداز میں نمٹنے اور توسیع کے کاموں میں پیشرفت پر تعریف کی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ محفوظ انہدامی کارروائی، ملبہ کی صفائی اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی ناخوشگوار واقعات پیش نہ آئے۔ پیشرفت پر اطمینان ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے تیز رفتار کاموں کیلئے تیزی سے فنڈس کی اجرائی کا حوالہ دیا۔ چیف سکریٹری نے کہا کہ

جے بی ایس میٹر چل، جے بی ایس شاہ میر پیٹ اور شمس آباد فیوچر سٹی راہداریوں کے لئے ڈی پی آر کو قطعیت دی جارہی ہے۔ چیف سکریٹری کے ساتھ میونسپل سکریٹری کے ایلم برتھی، جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن، ایچ ایم ڈی اے کمشنر سرفراز احمد، واٹر بورڈ کے ایم ڈی اشوک ریڈی اور بلدیہ میٹر و اور محکمہ مال کے دوسرے عہدیدار بھی تھے۔

AIMIM

آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین اس سال کے آخر میں ہونے والے بہار اسمبلی چناؤ میں مزید اہم رول ادا کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ اے آئی ایم آئی ایم چیف اور رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے بہار کے بہادر گنج میں ایک ریالی سے خطاب کیا اور ووٹرس سے کہا کہ وہ آنے والے چناؤ میں ان کی پارٹی کیلئے ووٹ دیں۔ انہوں نے کانگریس کے ان دعوؤں کو رد کر دیا کہ مجلس بی جے پی کی بی ٹیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بی ٹیم نے ہی وزیر اعظم نریندر مودی کے سامنے وقف ترمیمی قانون کو پھاڑا ہے۔

UTTAM

وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ایس ایل بی سی پراجکٹ مقررہ وقت میں پورا کیا جائے گا اور کنڈ املا پراجکٹ کا کام پھر سے شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے سابقہ نلگنڈہ ضلع کے عہدیداروں کے ساتھ مریال گوڑہ میں جائزہ میٹنگ کی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت نے صرف کالیشورم پراجکٹ پر توجہ دی اور جنوبی تلنگانہ کو نظر انداز کیا۔ انہوں نے اس بات پر تنقید کی کہ ایس ایل بی سی اور دیوادولا پراجکٹس کو ادھورا چھوڑ دیا گیا اور پالامور۔ رنگاریڈی، کلواکرتی، نٹم پاڈو اور بھیما جیسے پراجکٹس کو نظر انداز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت آبپاشی پراجکٹس کو اہمیت دے رہی ہے اور اس سال کے بجٹ میں 23 ہزار کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔

Sound Byte

HARISH RAO

سابق وزیر اور بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے طالب علموں کی فیس بازادائیگی کو نظر انداز کرنے پر ریاستی حکومت پر تنقید کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا رویہ طالب علموں کیلئے تکلیف دہ بن گیا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ فیس بازادائیگی کے معاملہ میں 800 کروڑ روپے واجب الادا ہے جو ریاست کے ڈگری کالجوں کو باقی ہے۔ انہوں نے اِس صورتحال کی مذمت کی جس میں طالب علموں کو امتحانات کیلئے حکومت سے بھیک مانگنی پڑ رہی ہے اور یہ انتظامی ناکامی ہے۔ انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے یہ بات نوٹ کی کہ امتحانات میں دیری کی وجہ سے تیسرے سال کے طالب علم پی جی سیٹ، لاء سیٹ اور دوسرے مسابقتی امتحانات کیلئے اہلیت سے محروم ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریاستی حکومت فوری جواب دے اور واجب الادا فیس کلیئر کرے۔

RTC

ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ حکومت آرٹی سی ملازمین کے ساتھ بات چیت کیلئے تیار ہے۔انہوں نے کل یا پرسوں کسی بھی وقت ان سے حیدرآباد میں بات چیت کے لئے دعوت دی۔انہوں نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں آرٹی سی کمزور ہوئی ہے اوراب وہ مالی اعتبار سے محال ہورہی ہے۔انہوں ملازمین سے کہا کہ وہ ایسی صورتحال میں کوئی بہران پیدا نہ کرے۔آرٹی سی کے ملازمین نے ایک نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنی مانگوں پراس مہینہ کی 7 تاریخ سے ہڑتال پر جائیں گے۔

PONGULETI

تلنگانہ میں زمین سے متعلق مسائل حل کرنے کیلئے ایک بڑااقدم اٹھاتے ہوئے وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی حکومت کل سے 28 ضلع کے 28 منڈلوں میں بھو بھارتی قانون پر عمل کرے گی۔اس قانون کا مقصد کسانوں کے حقوق کی حفاظت اورزمینات سے نمٹنے کے عمل کوآسان بنانا ہے۔وزیر نے کہا کہ کل سے 20 تاریخ تک اس قانون کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لئے چنندہ منڈلوں میں ریونیو میٹنگس ہوں گی اورشہریوں سے زمینات سے متعلق درخواستیں وصول کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ ضلع کلکٹرس کوسرگرمی سے ان میٹنگس میں حصہ لینا چاہئے اورآسان زبان میں بات چیت کرتے ہوئے کسانوں کے مسائل کوبرسرموقع حل کرنا چاہئے۔

TOURISM

سیاحت کے شعبہ کومضبوط کرنے کے ایک اہم قدم میں حکومت نے پہلی ٹورازم پالیسی شروع کی ہے جس کا مقصد 15 ہزار کروڑروپے کی سرمایہ کاری کوراغب کرنا اور تلنگانہ کو ہندوستان کا ایک اہم سیاحتی مقام بنانا ہے۔تلنگانہ کوتہذیب وتمدن اور جدیدیت کا مرکز بناتے ہوئے عالمی سطح پر پہچان دلانے کیلئے یہ نئی سیاحتی پالیسی بنائی گئی ہے،جس کا ایک مقصد میزبانی، دستکاری اور انفرااسٹرکچر جیسے متعلقہ شعبوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنا ہے۔ تلنگانہ میں 2024ء میں ایک لاکھ 55 ہزار 113 انٹرنیشنل ٹورسٹ آئے تھے اور حکومت کوامید ہے کہ مس ورلڈ مقابلہ کے بعداس میں اضافہ ہوگا۔

GADKARI

مرکزی وزیر روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز نتن گڈکری کل شہر میں 6 ہزار 280 کروڑ روپے کے تخمینی خرچ سے 285 کلومیٹر کی قومی شاہراہوں کا افتتاح کریں گے۔ صبح وہ آصف آباد ضلع میں کاغذ نگر چوراہے پر چار لین کی قومی شاہراہ 363 کا افتتاح کریں گے۔ شام میں مرکزی وزیر، حیدر آباد میں عنبر پیٹ اور بی ایچ ای ایل فلائی اوورس کا افتتاح کریں گے۔ بعد میں وہ عنبر پیٹ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ آرام گڑھ سے شمس آباد پر 300 کروڑ روپے کے خرچ سے چھ لائن کی سڑک میں توسیع کی گئی ہے اور بی ایچ ای ایل میں ایک نئے فلائی اوور کے کام شروع کئے جا رہے ہیں۔